مضمون:	اردو	جماعت:	پلے گروپ	موضوع:	دہرائی (دتاث)		

حاصل سبق	طریقہ تدریس	وقت	وسائل	جانچ
سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ 'حرف د ت ا ث کی پہچان کر سکیں'۔ اس کی صوتی آواز اور ان حروف سے شروع ہونے والی اشیاء کے نام بتا سکیں۔	بچوں کو حروف 'دتاث' کے فلیش کارڈ دکھا کر حروف کی پہچان اور صوتی آواز کی دہرائی کروائی جائے گی **تعارف:** بچوں کو حروف (دتاث) سے شروع ہونے والی تصاویر دکھا کر ان کے نام اور ابتدائی آواز پوچھی جائے گی۔ بچوں سے Salt Tray پر حروف 'دتاث' کی لکھائی کی مشق کروائی جائے گی۔ **مرکزی سرگرمی:** کمرہ جماعت میں حروف 'دتاث' کے فلیش کارڈ کے علاوہ ا تا خ تک کے فلیش کارڈ بھی چھپائے جائیں گے۔ بچوں کو کہا جائے گا کہ انہیں صرف حروف 'دتاث' کے فلیش کارڈ ڈھونڈتے ہیں اور آپ کو لا کر دینے ہیں اگر کوئی بچہ حروف 'دتاث' کے علاوہ کوئی حرف لے آتا ہے تو وہ گیم سے باہر ہو جائے گا بچہ جو کارڈ لائے گا اُس حرف کا نام اور صوتی آواز بھی بتائے گا۔ سب بچوں سے باری باری یہ سرگرمی کروائی جائے گی ایک دفعہ میں تین سے زیادہ بچے حرف تلاش نہ کرنے دیں۔ بچوں کو کتاب صفحہ نمبر 45 کھولنے کو کہا جائے گا بچوں سے دی گئی تصاویر کے نام پوچھے جائیں گے ہر تصویر کا نام اور اس کی ابتدائی آواز پوچھی جائے گی مثال کے طور پر ڈاکیا کی ابتدائی آواز کیا ہے؟ بچوں کو کہا جائے گا کہ دیئے گئے حروف میں ڈاکیا کی ابتدائی آواز حرف موجود ہے اس کے گرد دائرہ بنایئے۔ بچوں کو کہا جائے گا کہ دیگر تصاویر کو دیکھ کر درست حرف کے گرد دائرہ لگائیں۔ **اختتامیہ:** بچوں سے 'دتاث' کی صوتی آواز پوچھی جائے گی۔ **گھر کا کام:** کتاب صفحہ نمبر 44 کیجیے۔	5 منٹ 10 منٹ 20 منٹ 5 منٹ	حروف فلیش کارڈ (دتاث) اشیاء فلیش کارڈ (دتاث) حرف فلیش کارڈ (ا تا ث) کتاب صفحہ 45	طالب علموں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا۔ حرف د تا ث حروف کی پہچان صوتی آواز اس سے شروع ہونے والی اشیاء کی نشاندہی کرنے پر